DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 637

DATED. 23-07-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 23.07.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | نوجوانوں کومنشیات سے بچانے کیلئے جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | صوبے میں امن کوسبوتاژ کرنے کی سازشوں کوناکام بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ بگٹی | سنچری ودیگراخبارات |
| 03 | بلوچستان کا مستقبل پاکستان ہے بندوق نہیں، وزیرداخلہ ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے، فیصل جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | دہشتگردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 06 | خواتین کامعاشی استحکام ترقی کیلئے ناگزیر ہے رابابہ بلیدی | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | دہشت گردی کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، بخت کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | این ایچ اے ہرنائی کی قومی شاہراہ پرجلد تعمیراتی کام کا آغاز کرے، نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفیکیشن جاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | پاک فوج شہداء وغازیوں کوکبھی فراموش نہیں کرسکتی، کمانڈر 12 کور | مشرق ودیگراخبارات |
| 11 | پاکستان کی خارجہ پالیسی امن تعمیری سفارت کاری کے اصولوں پراستوار ہے، سیدال خان | مشرق ودیگراخبارات |
| 12 | سابق ایکٹنگ ایس ڈی پی او سٹی تربت سنگین غفلت نااہلی پرملازمت سے برخاست | مشرق ودیگراخبارات |
| 14 | پانی کی عدم فراہمی عوام کواحتجاج پرمجبورنہ کیا جائے، جمعیت ن | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | سانحہ زیارت پشتون تاریخ کے المناک واقعات میں سے ایک ہے، اصغراچکزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | سیاسی جماعتیں بلوچستان میں امن کیلئے سنجیدہ کردارادا کریں، ہدایت الرحمٰن | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | دہشتگردگروہوں مسلح جتھوں کیخلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے پشتونخوانیپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | بلوچستان کی طاقت کے استعمال کی حمایت نہیں کی، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | قومی شاہراہوں پرشہریوں کاتحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے مولانالونی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

نوشکی فائرنت سے ایک شخص ہلاک، ژوب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، کھڈکوچہ میں پل کودھماکہ خیزمواد سے اڑادیا گیا کوئٹہ کراچی روٹ پرٹریفک معطل، سوراب اورمستونگ میں فورسز کا آپریشن 10 دہشتگرد ہلاک 2 خواتین خودکش بمبار گرفتار، کھڈکوچہ میں کرفیونافذ، مستونگ کوئٹہ سے کراچی جانے والی کوچ پرنامعلوم افراد کی فائرنگ سے چارمسافرجاں بحق، دالبندین مسلح افراد نے بورزکوآگ لگادی

## مسائل :

کوئٹہ میں شدیدآبی بحران شہری پانی کیلئے دربدرفوری اقدامات ناگزیر، حب ٹریفک جام شہریوں کیلئے سردرد پابندی کے باوجود ہیوی گاڑیاں شہری میں داخل ،کوہلوتنگہ واٹرسپلائی اسکیم کی پائپ لائن نامعلوم افراد نے کاٹ دیں

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 23.07.2026

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ " **پاک ایران سرحدی تعاون ...اعلانات سے عملی معاشی شراکت داری تک** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ایران کے صوبہ سیستان و بلوچستان کے گورنر منصور بجار کے درمیان ہونے والی ملاقات دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک اہم پیش رفت ہے اس ملاقات کی اہمیت صرف اس لئے نہیں کہ اس میں تجارت سرمایہ کاری، بارڈر مارکیٹس ،سیکورٹی تعاون اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں پر گفتگو کی گئی بلکہ اس لئے بھی ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تعاون کا سب سے فطری، موثر اور براہ راست بلوچستان اور سیستان و بلوچستان سے ہو کر گزرتا ہے دونوں خطوں کے عوام جغرافیائی قربت کے ساتھ تاریخی، ثقافتی ،لسانی، مذہبی اور خاندانی رشتوں میں بھی بندھے ہوئے ہیں سرحد کے دونوں جانب آباد بلوچ خاندانوں کے درمیاں نسلوں پر محیط تعلقات موجود ہیں اس لئے پاک ایران تعلقات میں بلوچستان کو محض ایک سرحدی صوبے کے طور پر نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان معاشی اور سماجی پل کی حیثیت سے دیکھا جانا چاہئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت پر اظہار تعزیت اور ایرانی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار موجودہ علاقائی حالات میں ایک اہم سفارتی پیغام ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Curbing street Crimes" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **کوئٹہ سٹلمینٹ اغراض ومقاصد مقامی اور غیر مقامی قبائل کے حقوق** " کے عنوان سے نصیب اللہ مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **آپریشن شعبان دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن معرکہ ،بلوچستان میں امن کی نئی امید** " کے عنوان سے نے خصوصی رپورٹ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated 23 JUL 2026 Page No. 1


## نوجوانوں کو منشیات سے بچانے کیلئے جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے، گورنر

**شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں**

کوئٹہ (پ ر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ اور اس کے مضافات میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائم، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، پانی کی قلت، صفائی کی ابتر صورتحال اور نوجوانوں میں منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان [illegible]


MASHRIQ QUETTA


## عوام کی جان و مال کے تحفظ میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، گورنر

**کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ شہر کے مضافاتی علاقوں کے تواتر کیساتھ دورے کرکے مسائل سے آگاہی حاصل کریں**

**اسٹریٹ کرائمز، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، قلت آب اور منشیات کا بڑھتا ہوا خطرہ فوری اور مربوط حکومتی اقدامات کا متقاضی ہے، گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ کوئٹہ اور اسکے مضافات میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز، غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ، پانی کی قلت، صفائی کی ابتر صورتحال اور خاص کر منشیات کا بڑھتا ہوا خطرہ فوری اور مربوط اقدامات کے متقاضی ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کو ہدایت کی کہ کوئٹہ شہر کے مضافاتی علاقوں کے تواتر کیساتھ دورے کریں کیونکہ گڈ گورننس کا آغاز ہی عام شہریوں کی آواز ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

سننے سے ہوتا ہے۔ کوئٹہ محض ایک شہر نہیں ہے بلکہ یہ پورے صوبے کا انتظامی، سیاسی، تعلیمی اور تجارتی مرکز بھی ہے۔ کوئٹہ کے مسائل کا حل کئی حوالوں سے آدھے بلوچستان کے مسائل حل کرنے کے مترادف ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے مرکزی رہنما علامہ مقصود علی ڈومکی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ کوئٹہ کے مضافات میں اسٹریٹ کرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات کو روکنے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ عوام کی حفاظت حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کے حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ گورنر مندوخیل نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ پانی زندگی کی ایک بنیادی ضرورت ہے۔ متعلقہ حکام پر زور دیا کہ ہر گھر کو پینے کے صاف پانی کی غیر ضروری مشکلات کے بغیر رسائی یقینی بنائیں۔


CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 218 | جمعرات 8 صفر المظفر، 23 جولائی 2026، صفحات 6 قیمت 40 روپے

# امن سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ

## سوراب اور مستونگ میں فورسز کے کامیاب آپریشنز میں دہشت گردوں کی ہلاکت پر فورسز کو خراج تحسین

## بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں اور انکے سہولت کاروں کیخلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع سوراب اور ضلع مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو سراہتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیوں پر پاک فوج، دیگر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

تحسین پیش کیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران سوراب اور مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں میں دہشت گردوں کا ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا گیا ہے، جبکہ خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث عناصر کی گرفتاری بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بڑی کامیابی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان کی سرزمین کو کسی صورت استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی تعاون سے دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا اور بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر کو ہر قیمت پر جاری رکھا جائے گا۔

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعرات 23 اپریل 2026ء | قیمت 200 روپے


# دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، بگٹی وزیر اعلیٰ

روزنامہ میزان کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان

جلد 77 | جمعرات 23 جولائی 2026ء، 08 صفر 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 316


# عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
بانی: سید فصیح اقبال

جلد 81 جمعرات 23 جولائی 2026ء 8 صفر المظفر 1448ھ صفحات 6 قیمت 20 روپے شمارہ 200

# وزیراعلیٰ بلوچستان

# صوبے میں امن کو سبوتاژ کرنے کی سازشوں کو ناکام بنایا جارہا ہے

## دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں میں دہشت گردوں کا ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا واضح ثبوت ہے

## عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع سوراب اور ضلع مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو سراہتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیوں پر پاک فوج، دیگر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران سوراب اور مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں میں دہشت گردوں کا ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا گیا ہے، جبکہ خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث عناصر کی گرفتاری بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بڑی کامیابی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان کی سرزمین کو کسی صورت استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی تعاون سے دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا اور بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر کو ہر قیمت پر جاری رکھا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bulletin No. 1 | Page No. 6

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

MEMBER OF APNS | FaX:2839867 | Ph :2839851

شمارہ 148 | 10 ربیع الاول | قیمت 15 روپے | 1448ھ | 8 | 2026ء | جلد 29

# دہشتگردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

کامیاب کارروائیوں میں دہشت گردوں کا ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا واضح ثبوت ہے

خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث عناصر کی گرفتاری بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بڑی کامیابی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (پ ر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب ... ہوئے دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیوں پر پاک فوج، دیگر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جاری بیان میں ... انہوں نے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران دشت اور مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں میں دہشت گردوں کا ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا گیا ہے جبکہ خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث عناصر کی گرفتاری بھی قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بڑی کامیابی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی اور ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان کی سرزمین کو کسی صورت استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی تعاون سے دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا اور بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر کو ہر قیمت پر جاری رکھا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Time

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1524 QUETTA Thursday July 23, 2026 / Safar 08, 1448

# CM praises security forces for successful operations

Staff Report

QUETTA: Chief Minister of Balochistan Mir Sarfraz Bugti has lauded the successful intelligence-based operations carried out by security forces in Surab and Mastung districts, commending the Pakistan Army, law enforcement agencies, and other security institutions for their effective actions against terrorists.

In a message posted on social media platform X, the Chief Minister said that the elimination of terrorists during the past 48 hours is clear evidence of the professional capabilities and determination of the security forces. He noted that targeting terrorist hideouts has thwarted the nefarious designs of anti-state elements, while the arrest of individuals involved in planning suicide attacks marks a major achievement for law enforcement agencies.

Sarfraz Bugti reaffirmed that every conspiracy to destabilize peace in Balochistan will be foiled. He stressed that terrorist groups operating under the patronage of India and their facilitators will be pursued until their logical end, ensuring that the soil of Balochistan is never used by enemies of the state.

Chief Minister emphasized that the Government of Balochistan stands in complete solidarity with the security forces and law enforcement agencies, pledging full cooperation until terrorism is eradicated. He reiterated that protecting the lives and property of citizens remains the government's foremost responsibility, with all available resources being utilized to maintain peace.

Sarfraz Bugti further stated that through the collective efforts of the federal government, security forces, and law enforcement agencies, the menace of terrorism will be eliminated. He assured that the journey toward sustainable peace, development, and prosperity in Balochistan will continue at all costs.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 JUL 2026 Page No. 7


## بلوچستان کا مستقبل پاکستان ہے بندوق نہیں، وزیر داخلہ ضیاء لانگو

**دہشت، تشدد اور انتہا پسندی صرف تباہی اور اندھیروں کی طرف لے جاتی ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مستقبل پاکستان ہے بندوق نہیں، قلم اور تعلیم ہی قوموں کی ترقی اور خوشحالی کا راستہ ہے۔ دہشت، تشدد اور انتہا پسندی صرف تباہی اور اندھیروں کی طرف لے جاتی ہے نوجوان ہتھیار نہیں، تعلیم، تحقیق اور شعور کا راستہ اختیار کریں، پہاڑوں کا رخ کرنے والے نوجوان

[illegible]

## این ایچ اے ہرنائی کی قومی شاہراہوں پر جلد تعمیراتی کام کا آغاز کرے، نور محمد دمڑ

**فزیبل ورک جلد مکمل کر کے ٹینڈر جاری کیے جائیں گے، چیئرمین این ایچ اے سے گفتگو**

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے اسلام آباد میں چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کیپٹن (ر) اسد اللہ خان سے ملاقات کی، جس میں ہرنائی۔کوئٹہ، ہرنائی۔سنجاوی اور ہرنائی۔سبی روڈ سمیت ضلع کے اہم ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبائی وزیر نے ہرنائی۔کوئٹہ روڈ کی فوری تعمیر اور تعمیراتی کام کے آغاز پر زور دیا۔ چیئرمین این ایچ اے نے یقین دہانی کرائی کہ دونوں شاہراہوں کا فزیبل ورک جلد مکمل کر کے ٹینڈر جاری کیے جائیں گے

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

## دہشت گردی کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، بخت کاکڑ

**سوراب، مستونگ کارروائیاں دہشت گردی کیخلاف اہم کامیابیاں ہیں**

**حکومت سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے، امن ہماری اولین ترجیح ہے**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے سوراب اور مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کیے گئے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے فورسز کو زبردست خراج تحسین ........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث عناصر کی گرفتاری اور دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف مؤثر کارروائیاں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بڑی کامیابی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس نوعیت کی کامیاب کارروائیوں سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے میں مدد ملے گی اور بلوچستان میں پائیدار امن قائم ہوگا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا اور ریاست دشمن عناصر کے لیے کسی قسم کی رعایت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں منطقی انجام تک جاری رہیں گی۔

INTEKHAB QUETTA

## پی پی حکومت مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنا رہی ہے، سردار کوہیار ڈومکی

**شہریوں کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں، صوبائی وزیر کی وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس چیف سردار کوہیار خان ڈومکی سے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی اور اپنے اپنے علاقوں کے مسائل، اور عوامی فلاح سے متعلق تجاویز پیش کیں۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے مسائل تفصیل سے سنے اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور حکومت بلوچستان عوامی خدمت، شفاف طرز حکمرانی اور بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

[illegible]

## دہشت گردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سلیم کھوسہ

**سوراب، مستونگ آپریشنز امن و استحکام کی جانب اہم پیش رفت قرار**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے سوراب اور مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جاری کامیاب کارروائیاں بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کرنا، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث عناصر کو گرفتار ........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کرنا اور دہشت گرد نیٹ ورکس کو بے نقاب کرنا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قابل ستائش کامیابیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے تک کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہنی چاہئیں۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی اور ریاست دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کا سرمایہ ہیں اور دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ طور پر اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے

## خواتین کا معاشی استحکام ترقی کیلئے ناگزیر، ربابہ بلیدی

**پچاس فیصد سے زائد آبادی کو بااختیار بنائے بغیر ملک اور صوبہ ترقی نہیں کر سکتے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین کو مستحکم بنانا صرف معاشرتی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشی ضرورت بھی ہے۔ اگر ملک اور صوبے کو ترقی یافتہ بنانا ہے تو پچاس فیصد سے زائد آبادی کو معاشی طور پر مستحکم کرنا ہوگا تاکہ خواتین بھی ملک، صوبے اور قوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کھ........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد میں اقتدار کی جماعت کی قیادت سے ملاقات کے دوران واضح کر دیا تھا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان میں طاقت کے استعمال کی مخالفت کرتی ہے اور اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اور اس کا حل صرف سیاسی مکالمے، جمہوری عمل، اصلاحات اور مثبت اقدامات میں ہے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور صوبے میں پائیدار امن و استحکام کی راہ ہموار ہو۔ بیان میں میڈیا اداروں اور صحافتی تنظیموں سے بھی کہا گیا کہ وہ غیر مصدقہ خبروں اور حق پروپیگنڈے سے گریز کریں، ذمہ دارانہ صحافت کا مظاہرہ کریں اور حقائق کی تصدیق کے بعد ہی خبریں نشر یا شائع کریں۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 7 Dated: 23 JUL 2026 Page No. 8


MASHRIQ QUETTA

## پاک فوج شہداء و غازیوں کو کبھی فراموش نہیں کرسکتی، کمانڈر 12 کور

### سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated 2 3 JUL 2026 Page No. 9


---

## MASHRIQ QUETTA

## قومی جماعتیں بلوچستان کیلئے مفادات سے بالاتر ہو کر سوچیں

اہل بلوچستان کے جان و مال کے تحفظ، امن اور ترقی کیلئے تمام سیاسی و پارلیمانی جماعتوں کو فوری عملی اقدامات کرنا ہوں گے

قومی کانفرنس، مخلص قومی قیادت کی شرکت، انصاف کی فراہمی اور عوام کو حقائق سے آگاہ رکھنا وقت کی اہم ضرورت قرار

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ قومی پارٹیوں کو سیاسی مفادات سے ہٹ کر بلوچستان کیلئے سوچنا ہوگا۔ ... بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

---

## INTEKHAB QUETTA

## ڈاکٹرز اور طبی عملے کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے، آل پارٹیز کیچ

تربت ٹیچنگ ہسپتال میں مسلح افراد کی یلغار قابل مذمت، ملوث عناصر کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

تربت (نمائندہ انتخاب) آل پارٹیز کیچ کے ترجمان نے کہا ہے کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں مسلح افراد کی یلغار کی شدید مذمت، ڈاکٹروں اور طبی عملے کو فول پروف سکیورٹی ... بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

---

## INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان میں طاقت کے استعمال کی حمایت کا تاثر بے بنیاد ہے، نیشنل پارٹی

مسئلے کا حل صرف سیاسی مکالمے اور اصلاحات میں ہے، میڈیا سے ذمہ دارانہ رپورٹنگ کی اپیل

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے بیان میں کہا ہے کہ ... بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 6

Dated: 23 JUL. 2026

Page No. 10

## سوراب اور مستونگ میں فورسز کا آپریشن، 10 دہشتگرد ہلاک، 2 خواتین خودکش بمبار گرفتار

**بھاری اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، ایک سہولت کار بھی گرفتار، صدر، وزیراعظم کا فورسز کو خراج تحسین، دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ کیا جائیگا، محسن نقوی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے سوراب اور مستونگ میں آپریشنز کرتے ہوئے دو خودکش بمبار خواتین کو گرفتار کر لیا، جبکہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے فورسز کو کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔

[illegible]

## مستونگ: کوئٹہ سے کراچی جانیوالی کوچ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، 4 مسافر جاں بحق

**دو زخمی بھی ہوئے، واقعہ کھڈ کوچہ کے مقام پر پیش آیا، تلات کے قریب تربت جانیوالی بس پر بھی فائرنگ، ایک مسافر جاں بحق، دو زخمی ہوگئے**

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ کے علاقہ کھڈ کوچہ میں این 25 قومی شاہراہ پر نامعلوم افراد نے کوئٹہ سے کراچی جانے والی مسافر کوچ پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں فائرنگ سے 4 مسافر جاں بحق جبکہ دو زخمی ہوگئے ہیں واقعہ کے بعد مقامی انتظامیہ نے لاشیں اور زخمیوں شہید نواب غوث بخش میموریل ہسپتال مستونگ منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی اور زخمیوں کو طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کردیا، دالبندین ... [illegible]

## کھڈ کوچہ میں کرفیو نافذ

مستونگ (نامہ نگار) حکومت بلوچستان محکمہ داخلہ کے مکتوب کے مطابق تاحکم ثانی مستونگ کے سب تحصیل کھڈ کوچہ میں کرفیو نافذ کردیا گیا ہے، لہذا کرفیو کے دوران کوئی بھی شخص اپنے گھروں سے باہر نہ نکلے، یہ حکم نامہ آج رات 8 بجے سے تاحکم ثانی نافذ العمل ہوگا اور کرفیو کے خلاف ورزی کرنے والے کو دیکھتے ہی گولی ماری جا سکتی۔

## نوشکی: فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

نوشکی (نامہ نگار) امین الدین روڈ پر مالیاتی ادارے کے قریب دکان کی بالائی منزل پر ایک نامعلوم مسلح شخص نے شیخ زاہد ولد مزار خان بادینی کو فائرنگ کرکے ہلاک کر دیا، ٹیچنگ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ مقتول کا تعلق کلی حاجی محمد نور خان بادینی تازیز سے بتایا جاتا ہے۔

## ژوب: فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

ژوب (نامہ نگار) مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، پولیس ذرائع کے مطابق کا بند کے علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا جس کی شناخت شمس الحق کبزئی سکنہ کاغذ شاہ سرئی عمر تقریباً 50 سال کے نام سے ہوئی ہے، لاش ٹراما سنٹر ژوب میں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی تاہم واقعے کی فوری وجہ معلوم نہ ہوسکی، پولیس نے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

## کھڈ کوچہ میں پل دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا، کوئٹہ کراچی روٹ پر ٹریفک معطل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مستونگ کھڈ کوچہ میں پل دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر بڑی گاڑیوں کی آمد و رفت بند ہوگئی، ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد کی جانب سے تخریب کاری کے لئے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ کے علاقے انجیری کے مقام پر پل کے نیچے نصب کیا گیا تھا، دھماکے کے سبب پل کو شدید نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پل کو شدید نقصان پہنچنے کے باعث کوئٹہ کراچی شاہراہ پر ٹریفک کی آمد و رفت بند ہوگئی، تاہم چھوٹی گاڑیوں کی آمد و رفت بحال کر دی گئی ہے جبکہ بڑی گاڑیوں کی آمد و رفت بند ہے۔

## دالبندین: مسلح افراد نے بوزر کو آگ لگا دی

دالبندین (آن لائن) دالبندین کے علاقے چاہ سر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے بوزر کو آگ لگا دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق کوئٹہ سے تفتان جانے والے بوزر کو گزشتہ روز دالبندین شاہراہ پر چاہ سر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے نذر آتش کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 JUL 2026 Page No. 11


## کوئٹہ میں شدید آبی بحران، شہری پانی کیلئے دربدر، فوری اقدامات ناگزیر

[illegible]


INTEKHAB QUETTA


## حب: ٹریفک جام، شہریوں کیلئے دردِ سر، پابندی کے باوجود ہیوی گاڑیاں شہر میں داخل

[illegible]

حب (نمائندہ انتخاب) [illegible]

## کوہلو تنگہ واٹر سپلائی اسکیم کی پائپ لائن نامعلوم افراد نے کاٹ دی

24 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے منصوبے [illegible]

کوہلو (نمائندہ خصوصی) [illegible]

ادار یے،مضامین


**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 JUL 2026 Page No. 12


## پاک ایران سرحدی تعاون۔۔۔اعلانات سے عملی معاشی شراکت داری تک

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ایران کے صوبہ سیستان و بلوچستان کے گورنر منصور بیجار کے درمیان ہونے والی ملاقات دونوں برادر ممالک کے تعلقات میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس ملاقات کی اہمیت صرف اس لیے نہیں کہ اس میں تجارت، سرمایہ کاری، بارڈر مارکیٹس، سیکیورٹی تعاون اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں پر گفتگو کی گئی، بلکہ اس لیے بھی ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تعاون کا سب سے فطری، مؤثر اور براہِ راست راستہ بلوچستان اور سیستان و بلوچستان سے ہو کر گزرتا ہے۔ دونوں خطوں کے عوام جغرافیائی قربت کے ساتھ تاریخی، ثقافتی، لسانی، مذہبی اور خاندانی رشتوں میں بھی بندھے ہوئے ہیں۔ سرحد کے دونوں جانب آباد بلوچ خاندانوں کے درمیان نسلوں پر محیط تعلقات موجود ہیں۔ اس لیے پاک ایران تعلقات میں بلوچستان کو محض ایک سرحدی صوبے کے طور پر نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان معاشی اور سماجی پل کی حیثیت سے دیکھا جانا چاہیے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت پر اظہارِ تعزیت اور ایرانی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار موجودہ علاقائی حالات میں ایک اہم سفارتی پیغام ہے۔ یہ اظہار اس امر کی علامت ہے کہ پاکستان بالخصوص بلوچستان کے عوام ایران کے ساتھ اپنے تعلق کو صرف سرکاری مفادات تک محدود نہیں رکھتے بلکہ دونوں جانب عوامی سطح پر بھی گہری وابستگی موجود ہے۔ تاہم ملاقات کا سب سے اہم پہلو مستقبل کے معاشی تعاون، سرحدی تجارت اور امن و سلامتی کے لیے ایک مشترکہ عملی فریم ورک قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ اب ضروری ہے کہ اس اعلیٰ سطحی رابطے کو رسمی بیانات، یادگاری تصاویر اور روایتی خیرسگالی سے آگے بڑھا کر ایسے منصوبوں میں تبدیل کیا جائے جن کے نتائج سرحدی علاقوں کے عام لوگوں کو روزگار، کاروبار، امن اور بنیادی سہولتوں کی شکل میں دکھائی دیں۔ پاکستان اور ایران کے درمیان موجودہ دوطرفہ تجارت تقریباً تین ارب ڈالر بتائی جاتی ہے، جبکہ دونوں ممالک اسے دس ارب ڈالر تک بڑھانے کا مشترکہ ہدف رکھتے ہیں۔ یہ ہدف پہلی مرتبہ اس ملاقات میں سامنے نہیں آیا بلکہ دونوں ملکوں کی وفاقی قیادت اور اقتصادی ادارے پہلے بھی اس پر اتفاق کر چکے ہیں۔ سرکاری سطح پر دس ارب ڈالر سالانہ تجارت کا ہدف 2028ء تک حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی گئی ہے۔ یہ ہدف بلند ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں۔ پاکستان اور ایران کی مجموعی آبادی، جغرافیائی قربت، طویل مشترکہ سرحد، توانائی کی ضروریات، زرعی پیداوار، لائیو اسٹاک، معدنیات، تعمیراتی مواد، خوراک، پھل، سبزیاں، ادویات، ٹیکسٹائل اور دیگر شعبوں میں موجود صلاحیت کو سامنے رکھا جائے تو دوطرفہ تجارت کا موجودہ حجم حقیقی امکانات سے کہیں کم دکھائی دیتا ہے۔ اصل مسئلہ مصنوعات یا منڈیوں کی عدم موجودگی نہیں بلکہ تجارتی راستوں، بینکاری سہولتوں، ادائیگی کے نظام، کسٹمز قواعد، ٹرانسپورٹ، گوداموں، سرد خانوں، سیکیورٹی اور پالیسیوں میں تسلسل کا فقدان ہے۔ اگر دس ارب ڈالر کا ہدف حاصل کرنا ہے تو دونوں ممالک کو سالانہ اور سہ ماہی بنیادوں پر قابلِ پیمائش اہداف مقرر کرنا ہوں گے۔ صرف یہ اعلان کافی نہیں کہ تجارت تین ارب سے بڑھا کر دس ارب ڈالر کر دی جائے گی۔ یہ بھی طے ہونا چاہیے کہ پہلے سال تجارت میں کتنا اضافہ ہوگا، کون سی مصنوعات ترجیحی فہرست میں شامل ہوں گی، کاروباری افراد کو کن مراعات کی فراہمی ہوگی، کسٹمز کے مراحل کتنے وقت میں مکمل ہوں گے اور سرحدی گزرگاہیں روزانہ کتنے تجارتی ٹرک سنبھالنے کی صلاحیت رکھیں گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 JUL 2026 Page No. 13

# Curbing street crimes

Street crimes are serious problem across the country. Every year thousands of cases of street crimes are committed. The most common types of street crime include robbery, theft, and assault. Unfortunately, the media is stuffed with stories of street crime in Quetta and other districts of Balochistan. These crimes include mobile and vehicle snatching, house robbery, drug trade, and killing or injuring over resistance to robbery. The criminals don't hesitate snatching mobile phones, motorbikes, and lifting cars in broad daylight but surprisingly the police and other law enforcement agencies seem hapless to arrest such elements.

There are factors that contribute to the high rate of street crime; one factor is the high level of poverty in the province. Many people resort to crime in order to make ends meet. Unfortunately, the police are still using the old tactics to catch criminals. Police must equip themselves with modern methods in order to reduce crime to an acceptable level. Police should take support from information technology to curb crime in the city. Nowadays, CCTV cameras are installed in most of the streets and roads and in many cases the faces of the accused are easily identified.

The provincial government is working on Quetta Safe city project but the pace of work is extremely slow. However, once the Safe City Project is functional it will give a big support to curb street crimes.

The government must make sure to install quality CCTV cameras rather than cheap ones to increase the visibility of the faces and vehicle license plates of the culprits. This will help not only in catching the criminals but also in their investigation and prosecution. Digital technologies make it possible for police to be where crime is happening, when it is happening even in virtual locations. Undoubtedly, it is the duty of the police to protect the citizens and their property, and we must demand they do a better job of it. Authorities concerned without any delay must install more high-quality security cameras at crime hotspots and there should be increased police patrolling.

Another factor contributing to the stubborn levels of street crime is that perpetrators, even when nabbed, are often back on the streets after being acquitted, which calls for better collection of evidence to ensure conviction. And for a long-term solution, the federal and provincial governments have to step up to bring socio-economic reforms to reduce poverty, illiteracy, inequality, unemployment, and most importantly inflation in the country as they are the major reasons behind the majority of the crimes committed in the country specifically in Quetta.

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No 6

Dated 2 3 JUL 2026 Page No. 11




# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 JUL 2026 Page No. 15


## آپریشن شعبان، دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن معرکہ، بلوچستان میں امن کی نئی امید




کوئٹہ: بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف جاری ریاستی عزم کو ایک نئے سنگ میل میں تبدیل کیا، جہاں پاک فوج، ایف سی بلوچستان (نارتھ) اور بلوچستان پولیس کی مشترکہ اور مربوط کارروائی "آپریشن شعبان" کامیابی کے ساتھ مکمل ہوئی۔ 5 جولائی کو ماڑی ایم پولیس اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گرد حملے کے بعد شروع کیے گئے اس بڑے

### خصوصی رپورٹ

آپریشن کا مقصد دہشت گرد تنظیموں، ان کے محفوظ ٹھکانوں، سہولت کاروں، لاجسٹک نیٹ ورک اور دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کا مکمل خاتمہ تھا۔ دس روز پر محیط اس وسیع آپریشن میں جدید انٹیلیجنس، فضائی نگرانی، ڈیجیٹل ٹریکنگ اور زمینی دستوں کی مربوط حکمت عملی کو بروئے کار لایا گیا۔ دشوار گزار پہاڑی سلسلوں، گہری وادیوں اور دہشت گردوں کی خفیہ پناہ گاہوں کو انتہائی مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں دہشت گردوں کو بھاری جانی اور تکنیکی نقصان اٹھانا پڑا۔ متعدد کمین گاہیں تباہ ہو گئیں، رسد کے راستے منقطع کیے گئے اور ان کی نقل و حرکت کو مؤثر طور پر محدود کر دیا گیا۔ آپریشن کے ہر مرحلے میں انٹیلیجنس بیسڈ کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری رہیں، جس کی بدولت دہشت گردوں کی منصوبہ بندی، رابطہ کاری اور کارروائی کی صلاحیت کو شدید متاثر کیا۔ سیکیورٹی فورسز نے نہ صرف ان کے محفوظ ٹھکانوں کو ختم کیا بلکہ ان کے سہولت کاری اور لاجسٹک نظام کو بھی مؤثر انداز میں غیر فعال بنایا، جس سے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کی کوششوں کو نئی تقویت ملی۔ آپریشن کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود، بارودی مواد (IEDs)،



مواصلاتی آلات، کمین گاہیں، ذرائع رسد، موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں قبضے میں لے لی گئیں، جس سے دہشت گرد نیٹ ورک کی عملی صلاحیت کو نمایاں نقصان پہنچا۔ عوام اور قبائلی عمائدین کا اعتماد ریاست کے ساتھ یکجہتی آپریشن شعبان کی کامیابی پر بلوچستان بھر کے قبائلی عمائدین، معززین اور مقامی عوام نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ مختلف اضلاع میں ہونے والی ملاقاتوں اور مشاورتی نشستوں کے دوران قبائلی رہنماؤں نے دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ امن و استحکام کے قیام، دہشت گرد عناصر کی نشاندہی اور ریاستی اداروں کے ساتھ تعاون کے لیے وہ اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ آپریشن شعبان نے واضح کر دیا کہ ریاستی ادارے دہشت گردی کے مکمل خاتمے، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور بلوچستان میں دیرپا امن کے قیام کے لیے پوری قوت، مربوط حکمت عملی اور قومی عزم کے ساتھ سرگرم ہیں۔ اس کامیاب آپریشن نے نہ صرف دہشت گردوں کے نیٹ ورک کو شدید نقصان پہنچایا بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی مزید مضبوط کیا اور یہ پیغام دیا کہ بلوچستان میں امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ سیکیورٹی فورسز نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام، عوام کے محفوظ مستقبل اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں پوری قوت اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی، اور دہشت گردی کے خلاف قومی جدوجہد ہر قیمت پر اپنے منطقی انجام تک پہنچائی جائے گی۔

CamScanner